Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 15 | بدھ، 21 اگست 2024ء، 15 صفر المظفر 1446ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 143

سائبر کرائم ایکٹ کا مسودہ تیار، 3 ماہ سے 14 سال تک قید ہوگی

کرائم کنٹرول ایکٹ 2024 کے تحت سائبر ٹیررازم، چائلڈ پورنو گرافی، جنسی استحصال ناقابل ضمانت جرم ہونگے، ذرائع

متاثرہ شخص اور گواہ کو پروٹیکشن فراہم کی جائیگی، ایکٹ کے تحت سائبر کرائم ایجنسی بھی بنے گی جبکہ سائبر کرائم پر 3 ماہ سے 14 سال تک قید کی سزا ہوگی

وزیراعظم شہباز شریف سے آکسفورڈ یونیورسٹی میں وزیر تعلیم پاکستانی سٹوڈنٹس ملاقات کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) پنجاب میں سائبر کرائم ایکٹ کا مسودہ تیار کرلیا گیا جس کے تحت 3 ماہ سے 14 سال تک قید کی سزا ہوسکے گی۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب میں پہلی مرتبہ صوبائی سائبر کرائم ایجنسی بنانے کیلئے پنجاب سائبر کرائم کنٹرول ایکٹ 2024 کا مسودہ تیار کرلیا گیا ہے جو اجتماعی منظوری کیلئے پنجاب کابینہ کی اسٹینڈنگ کمیٹی برائے امور قانون سازی میں پیش کیا جائے گا (بقیہ نمبر 1)

کورٹ فیس کے ریٹس پر کمی کے حوالے سے بڑی پیشرفت

اجلاس میں کورٹ فیس کے ریٹس میں حالیہ بجٹ کے اضافے کا جائزہ لیا گیا

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ اور صوبائی وزیر قانون ملک صہیب احمد بھچر کی سربراہی میں کورٹ فیس کے مقرر کردہ ریٹس پر وکلاء برادری اور عوام الناس کے تحفظات سامنے آنے پر ان ریٹس کا دوبارہ جائزہ لینے کے لئے بنائی گئی کمیٹی کا اہم اجلاس محکمہ قانون و پارلیمانی امور کے کمیٹی روم میں ہوا۔ اجلاس میں وکلاء برنماشاں و لاء چیمبرز میں پنجاب بار کونسل بار، وحید، چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی (بقیہ نمبر 2)

جہلم پولیس کی بڑی کامیابی، اندھا قتل ٹریس

واقعہ میں ملوث ملزم گرفتار کرکے اس سے آلہ قتل اور ناجائز اسلحہ برآمد کرلیا گیا ہے، سب انسپکٹر احسن بٹ

جہلم (نمائندہ عوامی للکار) سماج دشمن عناصر اپنے قبضہ دست کے شناوند ہوگا کہ اپنے مکروہ چہرے بھی پہچان نہیں پاؤ گے، ضلعی پولیس قوی ایان کے حق میں بہترین ہے ورنہ پولیس کریک ڈاؤن اتنا پولیس چیف ناصر محمود باجوہ۔ پیلک (بقیہ نمبر 5)

پارلیمانی سیکرٹری برائے اوورسیز پاکستانیز کا ای او بی آئی ہاؤس اسلام آباد کا دورہ

ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل محمد امین کی جانب سے ادارے کے آپریشنز کے بارے میں ایک جامع بریفنگ دی گئی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پارلیمانی سیکرٹری برائے سمندر پار پاکستانیز چوہدری احسان الحق باجوہ نے آج ایمپلائز لوالہ اتاج بینیفٹ انسٹی ٹیوشن (EOBI) ہاؤس اسلام آباد کا دورہ کیا، جہاں انہیں ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل محمد امین (بقیہ نمبر 4)

سردار ایاز صادق کی بیلا روس کے صدر سے ملاقات

پاکستان کے بیلاروس کے ساتھ دیرینہ دوستانہ تعلقات موجود ہیں، پارلیمانی سطح پر رابطوں اور تجارتی تعاون کو بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) بیلاروس سے موصول ہونے والی اطلاعات کے مطابق اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے جمہوریہ بیلاروس کے صدر الیگزینڈر لوکاشینکو سے ملاقات کی ہے ۔ ملاقات منگل کے روز شک، بیلاروس (بقیہ نمبر 3)

2 ماہ کے ریلیف کے بعد سولر پروگرام لا رہے ہیں جو ہمیشہ کیلئے بھاری بلوں سے نجات دے گا، مریم نواز

سیاست کی حقدار نہیں

فتنہ پھیلانے والی جماعتیں

بجلی میں دیئے گئے ریلیف کو بے وقوفی کہا گیا، مجھے منسی آئی کہ کرپشن پر، گاڑیوں پر، جہازوں پر، پروٹوکول پر پیسے لگانا بے وقوفی نہیں لیکن عوام کو ریلیف دینا ان کی نظر میں بے وقوفی ہے

بچوں کو سیاسی ایندھن بنایا گیا، 9 مئی حملہ کرنے والے جیلوں میں پڑے ہیں، ان کا کوئی پرسان حال نہیں، انکے والدین سے پوچھیں کیا بیت رہی ہے، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا تقریب سے خطاب

راجن پور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف حامی پور میں متاثرین سیلاب کے لئے عام میڈیکل کیمپ کا معائنہ کررہی ہیں

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پڈنیئر ہولڈرز کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمیشہ پیارے لاڈلی قائد پڈنیئر ہولڈرز، ٹائیرز، ان کے والدین اور اساتذہ کو دلی مبارکباد دیتی ہوں۔ آج کی تقریب کے مہمان خصوصی پڈنیئر ہولڈرز سیکرٹری اسلام آباد محمد خورشید عباس اوری اور سٹیوڈینٹس اقبال خان کے ساتھ میٹکل کے روز سڑک ہاؤس میں (بقیہ نمبر 2)

بانی پی ٹی آئی اور فیض حمید کے درمیان گٹھ جوڑ تھا، عطا تارڑ

خود کو پرامن کہنے سے کوئی پرامن نہیں ہو جاتا، ثابت کرنا پڑتا ہے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی اور فیض حمید کے درمیان گٹھ جوڑ تھا، کوشش کی کہ پی ٹی آئی برسر اقتدار رہے، ایک ٹی وی سے انٹرویو میں عطا تارڑ نے کہا کہ خود کو پرامن کہنے سے (بقیہ نمبر 6)

سپیکر قومی اسمبلی کا پائلٹ آفیسر راشد منہاس شہید کو خراج عقیدت

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے پائلٹ آفیسر راشد منہاس شہید (نشان حیدر) کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ راشد منہاس (بقیہ نمبر 7)

وسا کی زائد المیعاد پائپ لائنوں کو تبدیل کیا جائے، چیئرمین سینٹ

میں نے 2008ء میں اپنی وزارت عظمیٰ کے دوران فلائی اوورز کی تعمیر سے پہلے واسا کے مسائل حل کروائے تھے

ضلعی انتظامیہ ملتان شہریوں کے مسائل حل کرنے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے، سید یوسف رضا گیلانی

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف حامی پور میں سیلاب متاثرین سے سہولیات بارے آگاہی حاصل کررہی ہیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے ہدایت کی ہے کہ ضلعی انتظامیہ شہریوں کے مسائل حل کرنے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے تاکہ ان کی مشکلات دور ہوسکیں۔ انہوں نے ہدایات اپنی کشمیر دیکم حامد سندھو، ڈی جی ایم ڈی اے، رانا سلیم خان، ڈی جی ناردا سید محمد خورشید عباس اوری اور تمام ترو سائل بروئے کار لائے تاکہ ان کی مشکلات دور ہوسکیں۔ انہوں نے ہدایات اپنی کشمیر دیکم حامد سندھو، ڈی جی ایم ڈی اے، رانا (بقیہ نمبر 2)

بلیسٹک میزائل شاہین II کی کامیاب لانچنگ پر مبارکباد

ملک کے دفاع کے لئے پاک فوج کے عزم اور ہونہار سائنسدانوں و انجینئرز کی محنت کو خراج تحسین

بلیسٹک میزائل شاہین II ہمارے ملک کی دفاعی صلاحیتوں میں مزید اضافہ ہے، ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی سید غلام مصطفیٰ شاہ

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی سید غلام مصطفیٰ شاہ کی پاکستان کے بلیسٹک میزائل شاہین II کی کامیاب لانچنگ پر مبارکباد دیتے ہوئے اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے آج ایک ٹویٹ میں کہا کہ پاکستان کا ملک کے دفاع کے لیے پاک فوج کے عزم اور ہونہار سائنسدانوں و انجینئرز کی محنت کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے بلیسٹک میزائل شاہین II کی کامیاب (بقیہ نمبر 8)

ڈکیتی کی واردات کے بعد مبینہ پولیس مقابلہ، ڈکیت زخمی حالت میں گرفتار

سرگودھا (این این آئی) ڈکیتی کی واردات کے بعد مبینہ پولیس مقابلہ میں ڈکیت کو زخمی حالت میں گرفتار کرکے دیگر ملزمان کی حوالگی کیلئے پولیس معروف کھیتیں ۔۔ ریگن کے قصبہ لور پولیس کے گاؤں آرمی موڑ نمبر کٹر پ 3 میں گاؤں چیک 19 اے کی پولیس کے محمد عبدالحق؟ اور اراجپوت سبوڑ سنگل کی پولیٹک پولیس اور فرار ہو گئے جس کی 15 کال پر (بقیہ نمبر 9)

مستقبل کی ترقی کیلئے امریکزیت اور نوجوانوں کی ترقی ناگزیر

اسلام آباد میں سینٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سکیورٹی اسٹڈیز (CASS) کی طرف سے اس "کیا لسٹ گفتگو" کا اہتمام کیا گیا

پاکستان کی ترقی کی ذمہ داری صرف پالیسی سازوں اور قومی رہنماؤں پر ہی نہیں بلکہ ہر شہری پر بھی عائد ہوتی ہے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان کے صدر سالہ سیمینار آزادی کے قریب آتے ہوئے ایک خوشحال مستقبل کا خواب دیکھنے کے لیے گہرے تبادلہ خیال میں شرکت ضروری ہے۔ اسلام آباد میں سینٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سکیورٹی اسٹڈیز (CASS) کی طرف سے اس "کیا لسٹ گفتگو" کا اہتمام کیا گیا، جو اس قومی گفتگو کو فروغ دینے کے لیے ترتیب دی گئی تھی۔ اس اجلاس کی رہنمائی پاکستان کے سابق نگہبار بڑی قریب تنگ رہا ہے، تمام پاکستانیوں کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ پچھلے 77 سالوں سے سبق سیکھیں اور اپنے بانیوں کے اصل خواب اور عوام کی امنگوں کے مطابق ایک مستقل کی راہ ہموار کریں۔ انہوں نے یہ بھی واضح کیا کہ پاکستان کی ترقی کی ذمہ داری صرف پالیسی سازوں اور قومی رہنماؤں پر ہی نہیں بلکہ ہر شہری پر بھی عائد ہوتی ہے۔ "2047" کا پاکستان "کے موضوع پر خطاب کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 5)

خارجہ، چیئرمین سٹوڈینٹ اسلامی ٹیوٹ، اور سفیر افراز احمد چوہدری کے تجربات اور بصیرت سے ہوئی۔ اس اجلاس کے ناظم اور CASS کے ڈائریکٹر ایریز فاضل زاہد محمود (ریٹائرڈ) نے پاکستان کے قیام پر روشنی ڈال کر بحث کا آغاز کیا ۔ جو جدوجہد اور قربانیوں سے بھرپور ایک داستان ہے، جس کو دور اندیش رہنماؤں کی رہنمائی حاصل تھی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ جیسے جیسے پاکستان اپنے صد سالہ جشن کے

وزیراعظم شہباز شریف سے فلسطین کے سیکرٹری ہونے والے سفیر احمد جوادر ایچ ملاقات کر رہے ہیں

صفائی کا نیا نظام ایک ماڈل کے طور پر سامنے آئے گا، وزیر بلدیات

آؤٹ سورسنگ کیلئے کوالیفکیشن کے تمام قانونی تقاضے پورے کئے جائیں

لاہور (این این آئی) وزیر بلدیات پنجاب ڈیوان رنگیتے نے کہا ہے کہ صاف ستھرا ماحول محنتند معاشرے کے قیام کیلئے ناگزیر ہے، شہریوں کی شرکت کے (بقیہ نمبر 2)

سی ٹی ڈی کا آپریشن، 3 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا

ہنگو میں چیک پوسٹ پر فائرنگ سے 2 پولیس اہلکار زخمی

ڈیرہ اسماعیل خان/ہنگو (این این آئی) ڈیرہ اسمٹیل خان میں محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے آپریشن کے دوران 3 (بقیہ نمبر 2)

ڈسکوز کی نجکاری، ابتدائی تیاریوں کو حتمی شکل دیدی گئی

شفاف پرائیویٹائزیشن یقینی، وفاقی وزراء عبدالعلیم خان اور اویس لغاری کی زیر صدارت اجلاس

قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے مواصلات کے اجلاس میں وفاقی وزیر نج کاری عبدالعلیم خان شریک

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی مرحلہ وار نجکاری کے سمورکا تیزی کے ساتھ شفاف پالیسی کے ساتھ میڈیا میں 17 اگست کو سرداراویس لغاری کی زیر صدارت منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس میں کیا گیا۔ وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے کہا کہ ڈسکوز کی نجکاری کا اجرا ہمیں لازماً کرنا چاہیے۔ اس کا اظہار وفاقی وزیر نجکاری، سرمایہ کاری بورڈ اور مواصلات عبدالعلیم خان اور وفاقی وزیر توانائی

سفیر فار ایرو اسپیس اینڈ سکیورٹی اسٹڈیز کی طرف سے منعقدہ دوبارہ میں متقریرین اپنے خیالات کا اظہار کررہے ہیں

بلیسٹک میزائل شاہین 2 کی کامیاب لانچنگ

رکن قومی اسمبلی سیکرٹری ڈویژن کا کس ڈاکٹر شاہدہ رحمانی کی مبارکباد

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) بلیسٹک میزائل شاہین 2 کی کامیاب لانچنگ پر رکن قومی اسمبلی سیکرٹری ڈویژن کا کس ڈاکٹر شاہدہ رحمانی کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی آئی ایم ایف سے نئے (بقیہ نمبر 7)

صنعتوں کیلئے بجلی سستی ہونے کا جلد اعلان ہوگا، علی پرویز ملک

پاکستان کی آئی ایم ایف سے نئے قرض پر بات چیت جاری ہے، وفاقی وزیر کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر بجلی پرویز ملک نے کہا ہے کہ صنعتوں کیلئے بجلی کے نرخوں میں کمی پر غور کر رہے ہیں، جلد ہی اس کا اعلان ہو گا۔ گل جی ٹی وی سے علی پرویز ملک نے ٹیلی فونک گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی آئی ایم ایف سے نئے (بقیہ نمبر 7)

وزیراعظم محسن نقوی سے نیوزلینڈ کی سفیر جنی ڈی ورڈس ملاقات کر رہی ہیں

تمام کمرشل انچارج ٹیکس بک ای کیچریوں کے ذریعے صارفین کے مسائل کا حل احسن طریقے سے ممکن بنا رہے ہیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) حکومت پاکستان اور وزارت توانائی (پاور ڈویژن) کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے معزز صارفین کی بجلی کے متعلقہ تمام مسائل کے فوری حل کو ممکن بنانے کے لئے تمام آپریشن سرکلز انچارج بشمول اسلام آباد، راولپنڈی سٹی، راولپنڈی کینٹ، اٹک، چکوال اور جہلم مورخہ 21 اگست 2024 (بروز بدھ) 09:30 بجے تا دن 11:30 بجے تک متعلقہ سرکلز کے صارفین کی تجاویز اور شکایات سنیں گے۔ صارفین شکایات کے فوری ازالے کے لئے اسلام آباد سرکل کی ٹیکس بک آئی ڈی SE IESCO Islamabad E-Kachery ٹیلیفون نمبر 051-9260194، راولپنڈی سٹی سرکل کی ٹیکس بک آئی (بقیہ نمبر 1)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سیلاب متاثرین کو ٹیلی دے رہی ہیں

فیک نیوز پھیلانے کر برطانیہ میں ہنگاموں میں ملوث ملزم لاہور سے گرفتار

ڈیٹس لاہور سے فرحان آصف نامی شخص کو حراست میں لیا گیا، ڈی آئی جی آپریشنز

لاہور (این این آئی) فیک نیوز پھیلانے کر برطانیہ میں ہنگاموں میں ملوث ملزم کو لاہور سے گرفتار کرلیا گیا۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کے مطابق پولیس نے ڈیٹس لاہور سے ایک شخص فرحان آصف کو حراست میں لیا ہے۔ فرحان آصف کو مزید تفتیش کے لیے ایف آئی اے کے حوالے کردیا گیا ہے۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے مزید بتایا (بقیہ نمبر 2)

لاہور، بہو سے زیادتی کی کوشش کرنے والا سسر گرفتار

خاتون کا سسر بیٹے کی غیر موجودگی میں بہو سے زیادتی کی کوشش کرتا تھا

لاہور (این این آئی) لاہور میں بہو سے زیادتی کی کوشش کرنے والے سسر کو گرفتار کرلیا گیا۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن اظہار اللہ تارڑ کے مطابق متاثرہ خاتون کو مرحوم حنیف کے بیٹے کی 10 سال قبل شادی ہوئی تھی اور ان کے 2 بچے ہیں۔ خاتون کا سسر بیٹے کی غیر موجودگی میں بہو سے زیادتی کی کوشش کرتا تھا۔ ملزم کو شکایت ملنے پر خاتون کو بے عزتی (بقیہ نمبر 4)

بڑی اکھاڑ پچھاڑ، آئی جی پنجاب نے 15 افسران تبدیل کردیئے

میاں والی، ننکانہ صاحب، جھنگ، مری، اوکاڑہ کے ڈی پی اوز بھی تبدیل کردیئے گئے

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس میں بڑے پیمانے پر تقرر و تبادلے ہوئے ہیں، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے 15 پولیس افسران تبدیل کر دیا۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے پنجاب پولیس کے متعدد اضلاع میں بڑے پیمانے پر تقرروں اور تبادلوں کا حکم جاری کردیا ہے۔ آئی جی پنجاب نے 15 پولیس افسران تبدیل کردیے۔ اختر فاروق (بقیہ نمبر 6)

پیپلز پارٹی جلی ٹی آئی کی ٹیم کا رول کب سے ادا کرنے لگ گئی؟ عظمیٰ بخاری

اگر سندھ میں بھی مسلم لیگ (ن) کی حکومت ہوتی تو آج مریم نواز سندھ کے لوگوں کو بھی یہ ریلیف دیتی

مریم نواز نے اپنے صوبے کے فنڈ سے پنجاب کے لوگوں کو بجلی کے بلوں میں ریلیف دیا ہے، وزیر اطلاعات کا ردعمل

غزہ، فلسطینی شہری غزہ میں ہونے والے مظالم کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کررہے ہیں

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی تحریک انصاف کی ٹیم کا رول کب سے ادا کرنے لگ گئی؟، اگر سندھ میں بھی مسلم لیگ (ن) کی حکومت ہوتی تو آج مریم نواز سندھ کے لوگوں کو بھی یہ ریلیف دیتی۔ انہوں نے شرجیل میمن کی پریس کانفرنس کو مذاق کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بھائی آپ لوگوں کو بتائیں کیوں نہیں ہورہا سندھ میں پچھلے 16 سال سے حکومت آپ کی ہے مریم نواز کی نہیں، مریم نواز نے اپنے صوبے کے فنڈ سے پنجاب کے لوگوں کو بجلی کے بلوں میں ریلیف دیا ہے، پنجاب میں مریم نواز کی حکومت ہے ظاہر ہے وہ یہاں ہی لوگوں (بقیہ نمبر 3)

9 مئی کیسز، پی ٹی کے رکن اسمبلی حافظ فرحت عباس کی ضمانت منظور

بائیکاٹ کے دوران کنٹینر پر پولیس کو 2 ستمبر تک گرفتار کرنے سے روک دیا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے 9 مئی کو جلاؤ گھیراؤ کے متعلق 2 مقدمات میں پی ٹی کے رکن پنجاب اسمبلی حافظ فرحت عباس کی ضمانت منظور کرلی۔ لاہور ہائیکورٹ نے جسٹس طارق سلیم شیخ کی سربراہی میں دو رکنی بنچ نے سماعت (بقیہ نمبر 8)

بجلی کا کرنٹ لگنے سے دوسرا نوجوان جاں بحق

سرگودھا (این این آئی) سماج افراد نے نوجوان کو فائرنگ کرکے قتل کردیا، بجلی کا کرنٹ لگنے سے نوجوان زندگی کی بازی ہار گیا جس کی تفتیش شروع کردی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق ملزم کو گرفتار کرلیا گیا اور پولیس قتل کے شواہد اکٹھے کرتے ہوئے مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق بجلی کے واقعہ ترک شریف کیلئے (بقیہ نمبر 8)

راولپنڈی، لیاقت روڈ پر ایک ریڑھی بان کو ہوا کے لئے چھلیاں بھون رہا ہے

پنجاب میں بالآخر اساتذہ کے تبادلوں پر عائد پابندی ختم

تبادلوں کے لئے اپلائی کرنے کے لئے سنیارٹی نمبر دینا لازمی ہوگا

لاہور (این این آئی) پنجاب میں بالآخر 3 لاکھ اساتذہ کے تبادلوں سے پابندی اٹھا دی گئی۔ تبادلوں کے لیے اپلائی کرنے کے لئے سنیارٹی نمبر دینا لازمی ہوگا، سنیارٹی نمبر کے بغیر اساتذہ آن لائن اپلائی نہیں کرسکیں گے۔ اساتذہ کا اپلائی کرنے کیلئے (بقیہ نمبر 9)

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

گیس کے بلوں پر بھی فیول ایڈجسٹمنٹ چارجز لگانے کی تجویز

حکومت نے پٹرولیم سیکٹر میں سرمایہ کاری بڑھانے کیلئے اقدامات کا اعلان کیا ہے جس کے تحت گیس کے بلوں میں فیول ایڈجسٹمنٹ چارجز متعارف کرانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس سلسلہ میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی زیرصدارت پٹرولیم سیکٹر کے مسائل سے متعلقہ کمیٹی کے اجلاس میں پٹرول اور گیس کے نئے ذخائر تلاش کرنے کیلئے مالیاتی نظام میں بہتری کی تجاویز پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں پٹرولیم ڈویژن کو ہدایت کی گئی کہ وہ اوگرا آرڈیننس میں مناسب ترامیم تجویز کرے تاکہ گیس کے نرخوں میں ماہانہ یا سہ ماہی بنیادوں پر فیول ایڈجسٹمنٹ کیلئے ایک میکنزم متعارف کرایا جاسکے۔

یہ حقیقت ہے کہ آج عوام پر سب سے زیادہ اقتصادی دبا بجلی، گیس، پانی کے بھاری بلوں اور پٹرولیم مصنوعات کے بتدریج بڑھتے نرخوں کے نتیجہ میں بے قابو ہونیوالی مہنگائی کے باعث پڑ رہا ہے جس کے باعث ان کا آبرومندی کے ساتھ زندہ رہنا بھی مشکل ہوگیا ہے۔ بجلی کے بلوں میں تو مختلف قسم کے ناروا ٹیکس لگا کر اور پھر مہینے میں دو تین بار فیول ایڈجسٹمنٹ چارجز لگا کر یہ بل عام آدمی بالخصوص مزدور، تنخواہ دار اور متوسط طبقات کی پہنچ سے باہر نکال دیئے گئے ہیں اور یہ بل ادا کرنے کی سکت نہ رکھنے کے نتیجہ میں لوگ خودکشیوں اور لوٹ مار کے راستے پر چل نکلے ہیں جبکہ حکومت کیخلاف عوامی اضطراب بھی بڑھ رہا ہے۔ اسی بنیاد پر میاں نوازشریف کی زیرصدارت مسلم لیگ (ن) کے مشاورتی اجلاس میں بجلی کے بھاری بلوں کا بوجھ عام آدمی پر کم کرنے کیلئے پانچ سو یونٹ تک صارفین کو فی یونٹ 14 روپے کی رعایت دینے کا فیصلہ کیا گیا جس کیلئے پنجاب حکومت نے 45 ارب روپے مختص کئے ہیں۔ اگر عوامی اضطراب کی بنیاد پر بجلی کے بلوں میں رعایت دینے پر مجبور ہوئی حکومت گیس پر فیول ایڈجسٹمنٹ چارجز لگانے کا سوچ رہی ہے تو اس سے بادی النظر میں یہی محسوس ہوتا ہے کہ حکمران طبقات کو عوام کے غربت، مہنگائی کے گھمبیر مسائل کا قطعاً احساس نہیں ہے۔ یقیناً ایسی حکومتی پالیسیاں ہی عوام کو تنگ آمد بجنگ آمد پر مجبور کرکے انہیں سڑکوں پر نکلنے کا راستہ دکھاتی ہیں۔ موجودہ صورتحال میں تو حکومت کو عوام کے صبر کا پیمانہ ہرگز لبریز نہیں ہونے دینا چاہیے، بصورت دیگر عوامی ردعمل کے اقتدار کے ایوانوں کی خبر لینے میں کوئی دیر نہیں لگے گی۔

سپر اسٹورمز: شمسی طوفان

کھلی بات
پروفیسر ڈاکٹر صائمہ جبین مہک
jdrsaaima@gmail.com

دنیا کی موجودہ ترقی اور ٹیکنالوجی پر مبنی معاشرت کے لیے سب سے بڑے خطرات میں سے ایک خطرہ "سپر اسٹورمز" ہیں جو خلا سے ہماری زمین کی طرف بڑھ سکتے ہیں۔ یہ سپر اسٹورمز ایک ایسے حادثے کی صورت میں سامنے آسکتے ہیں جو ہماری جدید زندگی کو مکمل طور پر تبدیل کرسکتا ہے۔ یہ سپر اسٹورمز دراصل سورج سے خارج ہونے والی طاقتور شمسی لہریں یا CME (Coronal Mass Ejections) ہیں جو اگر زمین سے ٹکرا جائیں تو دنیا بھر میں تباہی مچا سکتی ہے۔ سپر اسٹورمز وہ شمسی طوفان ہیں جو سورج کے اوپر موجود مقناطیسی میدان میں بڑی تبدیلیوں کی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں۔ یہ تبدیلیاں بہت بڑی مقدار میں توانائی کو آزاد کرتی ہیں، جو سورج کے گردگرم گیسوں کے پلازما کے عظیم بادلوں کی صورت میں خلا میں خارج ہو جاتی ہیں۔ یہ بادل یا "کورنل ماس ایجیکشنز" اگر زمین کی طرف بڑھیں اور زمین کے مقناطیسی میدان سے ٹکرا جائیں، تو یہ ہمارے سیٹلائٹس، پاور گرڈز، کمیونیکیشن نیٹ ورکس اور دیگر اہم ٹیکنالوجیز کو شدید نقصان پہنچا سکتی ہیں۔

اگرچہ سپر اسٹورمز بہت ہی نایاب ہوتے ہیں، مگر ان کے اثرات انتہائی شدید ہو سکتے ہیں۔ 1859 کا "کیرنگٹن ایونٹ" اس کی ایک اہم مثال ہے۔ اس طوفان نے دنیا بھر میں ٹیلی گراف سسٹمز کو ناکارہ بنا دیا تھا اور آسمانوں میں غیر معمولی شمالی روشنیوں کا نظارہ کیا گیا تھا۔ اگر آج کے دور میں ایسا کوئی طوفان آئے، تو اس کے اثرات کہیں زیادہ تباہ کن ہوں گے کیونکہ ہماری جدید زندگی بہت زیادہ ٹیکنالوجی پر منحصر ہے۔

1989 میں ایک چھوٹا سا سپر اسٹورم کیوبک، کینیڈا میں آیا تھا جس کی وجہ سے پورا صوبہ تاریکی میں ڈوب گیا تھا اور بجلی کا نظام منہدم ہو گیا تھا۔ یہ واقعہ ہمیں یاد دلاتا ہے کہ سورج کے یہ طوفان کتنے تباہ کن ہو سکتے ہیں۔

آج کے دور میں ہمارا انحصار سیٹلائٹس، جی پی ایس، موبائل فون نیٹ ورکس اور پاور گرڈز پر ہے۔ سپر اسٹورمز ان سب کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ جب کوئی سپر اسٹورم زمین کے قریب آتا ہے، تو یہ زمین کے مقناطیسی میدان میں خلل ڈال سکتا ہے، جس کے نتیجے میں زمینی مواصلاتی سسٹمز اور برقی آلات ناکارہ ہوسکتے ہیں۔

ایک بڑا سپر اسٹورم عالمی پاور گرڈز کو بھی متاثر کرسکتا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ دنیا بھر میں بجلی کا نظام ناکارہ ہو جائے گا، جس کے نتیجے میں اسپتال، ٹرانسپورٹ سسٹمز، انٹرنیٹ اور دیگر ضروری خدمات بند ہو جائیں گی۔ اس کے علاوہ، سپر اسٹورمز سیٹلائٹس کو بھی نقصان پہنچا سکتے ہیں، جس کے نتیجے میں جی پی ایس اور دیگر اہم سیٹلائٹ سروسز متاثر ہو سکتی ہیں۔

اگر ایک بڑا سپر اسٹورم آج کے دور میں زمین سے ٹکرا جائے، تو اس کے نتائج انتہائی تباہ کن ہوں گے۔ یہ سپر اسٹورم پاور گرڈز کو تباہ کرسکتا ہے، جس سے لاکھوں لوگ مہینوں تک بجلی سے محروم ہو سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ، مالیاتی سسٹمز بھی ناکارہ ہو سکتے ہیں کیونکہ بینکنگ سسٹمز، ای کامرس اور دیگر مالیاتی خدمات بجلی اور انٹرنیٹ پر منحصر ہیں۔

اسی طرح، مواصلاتی سسٹمز کی خرابی سے دنیا بھر میں رابطہ منقطع ہوسکتا ہے، جس کی وجہ سے حکومتیں اور دیگر اہم ادارے مشکلات کا شکار ہو سکتے ہیں۔ فضائی سفر بھی متاثر ہوسکتا ہے کیونکہ پائلٹس جی پی ایس اور دیگر نیویگیشن سسٹمز پر منحصر ہوتے ہیں۔

سپر اسٹورمز کے خطرے کو کم کرنے کے لیے عالمی سطح پر اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ سائنسدان سپر اسٹورمز کی پیش گوئی کے لیے نئے اور جدید طریقے تلاش کررہے ہیں تاکہ وقت سے پہلے ان کی اطلاع دی جاسکے۔ اس کے علاوہ، پاور گرڈز کو مضبوط بنانے کے لیے بھی اقدامات کیے جا رہے ہیں تاکہ اگر کوئی سپر اسٹورم آ بھی جائے تو نقصان کو کم سے کم کیا جاسکے۔

سپر اسٹورمز ایک قدرتی آفت ہیں جو خلا سے آ سکتی ہیں اور ہماری جدید زندگی کو شدید نقصان پہنچا سکتی ہیں۔ اگرچہ ان کا وقوع پذیر ہونا نایاب ہے، مگر ان کے ممکنہ نتائج اتنے شدید ہیں کہ ہمیں ان کے لیے ہمیشہ تیار رہنا چاہیے۔ وقت کے ساتھ ساتھ سائنس اور ٹیکنالوجی کی مدد سے ہم اس خطرے کو کم کرنے کے قابل ہو جائیں گے، مگر پھر بھی ہمیں ہمیشہ احتیاط برتنی ہوگی۔ ورنہ ایک دن ایسا بھی آ سکتا ہے جب ہم خلا سے آنے والی اس آفت کا سامنا کرنے کے لئے تیار نہ ہوں اور ہماری دنیا جس پر ہم آج فخر کرتے ہیں، ماضی کا قصہ بن جائے۔

ٹھنڈا کمرہ

تحریر: پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

چھٹی کے دن خوب نیند کے بعد میں نے سٹڈی روم کا رخ کیا اور آنے والی کتاب کے مسودے پر کام کرنے لگا اوائل عمری سے ہی مجھے کتب بینی کا بہت زیادہ شوق ہے یہ شوق نیچرل تھا گاؤں میں پیدائش اور بچپن کے دوران پڑھنے کو کتابیں دستیاب نہیں تھیں لیکن بڑے بھائی جان کو کتابوں رسالوں کا بہت شوق تھا لہذا وہ جو بھی کتاب لاتے میں اُس کو قبضے میں لے کر چاٹنا شروع کردیتا اُس وقت سے لے کر کتابوں سے یہ محبت آج بھی جاری و ساری ہے میں چند دن کتابوں سے دور گزار کر اداس ہو جاتا ہوں اِس لیے جیسے ہی موقع ملتا سٹڈی روم میں بڑی سینکڑوں کتابوں کے درمیان آکر بہت اچھا محسوس کرتا ہوں پھر اپنی پسند کی کوئی کتاب نکال کر اُس میں ڈوب جاتا ہوں یا پھر آنے والی کتاب پر کام کرتا ہوں کتابوں سے محبت والی ہم شاید آخری نسل ہیں نئی نسل کتابوں سے دور ہوتی جارہی ہے بلکہ ہو چکی ہے موبائل اور یوٹیوب برق رفتاری سے کتابوں کو کھا رہے ہیں چند سالوں بعد نئی کتاب سے محبت کرنے والے کم سے کم ہوتے چلے جا رہے ہیں اسی طرح کتابیں رسالے ناول افسانے شاعری لکھنے والے اور شائع کرنے والے لوگ بھی کم ہوتے جا رہے ہیں ایک دور تھا جب ہر ماہ سب رنگ جاسوسی ڈائجسٹ سسپنس ڈائجسٹ کا انتظار کیا جاتا تھا اور جب یہ رسالے آتے تھے تو کتب شاپس پر اشتہار لگ جاتے تھے کہ فلاں ڈائجسٹ آگیا ہے اسی طرح محلوں گلیوں میں جو لائبریریاں تھیں جہاں سے ایک روپے پانچ روپے میں کتابیں ملتی تھیں وہ کب کی بند ہو چکی ہیں سکول کالج کی لائبریریوں سے جو کتابیں طالب علم گھر لاتے تھے وہ سلسلہ بھی ختم ہو چکا ہے لیکن جو کتابیں پڑھنے یا شوقین ہیں ان کو پرانی کتابوں کی خوشبو سے عشق ہے وہ جیسے ہی اپنی کتابوں کے کمرے میں داخل ہوتے ہیں ان کو ایسے لگتا ہے جیسے محبوب کے پاس آگئے ہیں اور اگر کتاب پسندیدہ مصنف اور موضوع پر ہو تو پھر تو سونے پر سہاگہ ہے کتابیں ایک نشہ ہے جس کو لگ جائے وہی جانتا ہے اسی طرح کتابوں ناولوں کے کرداروں سے آپ کو محبت ہو جاتی ہے آپ ادھیڑ عمری میں داخل ہو کر بھی ان کرداروں کو یاد رکھتے ہیں ان سے محبت کرتے ہیں لیکن بہت افسوس کی بات ہے آج کا نوجوان اور نسل اِس نشے اور محبت سے محروم ہو چکی ہے اِن کے لیے سٹڈی روم اور کتابیں بیکار مشغلہ ہے انہیں نہ کتابوں سے اور نہ ہی مطالعے سے شوق ہے وہ موبائل کے رسیا ہیں اور اسی میں گم رہتے ہیں بہرحال میں اپنی سٹڈی میں مصروف تھا کہ ملازمہ سے آکر بتایا گاؤں سے کوئی بندہ اپنے بیٹے کو دم کرنے اور ملنے آیا ہے نام سننے کے بعد میں نے ملازمہ سے کہا اُس کو میرے کمرے میں بھیج دو اور شربت چائے وغیرہ لے کر آؤ پھر تھوڑی دیر میں وہ شخص اپنے دس سالہ بیٹے کے ساتھ اندر آ گیا بیٹا بہت کمزور اور بیمار لگ رہا تھا سلام دعا کے بعد شربت پھر چائے لوازمات آگئے تو دونوں نے خوب جی بھر کے چائے پی اور ساتھ آئی کھانے کی چیزوں سے بھی لطف اٹھایا مجھے جب بھی کوئی پسماندہ شخص خوب پیٹ بھر کر کھانا کھائے تو بہت اچھا لگتا ہے ان کی بھوک دیکھ کر میں نے مختلف پھل منگوائے اور اُن کے سامنے ڈھیر کر دیئے انہوں نے پیٹ بھر کر کھا لیے تو بندہ شرمندہ لہجے میں بولا جناب فروٹ بچ گیا ہے میں اِس کو باقی بچے جو گھر میں ہیں ان کے لیے لے جاؤں میں نے اجازت دی اور گھر کے لیے اور پھل بھی لا کر دے دیئے باپ بیٹا بہت خوش تھے اب ان کو ورد ذکر اذکار بھی بتا دیئے تاکہ وہ واپس جا سکیں میں اچھی طرح میزبانی کر چکا تھا اب اِس انتظار میں تھا کہ وہ واپس جائیں میں پھر سے کتابوں میں غرق ہو سکوں میں نے بار بار الوداعی جملے بھی بول دیئے تھے میرا ارادہ بھانپ کر باپ بولا میں واش روم سے ہو آؤں تو میں نے واش روم کا راستہ دکھا دیا وہ واش روم سے بہت دیر بعد کمرے میں آیا تو بولا آپ کا کمرہ بہت ٹھنڈا خوشگوار ہے یہاں سے جانے کو دل نہیں کر رہا کمرے میں اے سی چل رہا تھا اب وہ پھر بیٹھ کر اِدھر اُدھر کی باتیں کرنے لگا میری کوشش تھی کہ اب وہ چلا جائے لیکن وہ بہانوں سے کمرے میں مزید رکنا چاہ رہا تھا آخر میں نے پوچھ لیا یار آپ جانہیں رہے کوئی مزید بات رہ گئی ہے تو وہ بولا سر جی اصل میں میرا بیٹا گرمی لگنے کی وجہ سے بیمار ہو گیا ہے اس کا بخار نہیں اُتر تا ڈاکٹر نے کہا ہے اِس کو گرمی لگ گئی ہے اِس کو اے سی والے ٹھنڈے کمرے میں رکھو اب میں غریب نہ اے سی اور نہ ہی بجلی کا بل افورڈ کرسکتا ہوں میں مختلف بہانوں سے کبھی اُس مسجد کبھی اِس مسجد میں اِس کو لے کر جاتا ہوں تاکہ یہ ٹھنڈے کمرے میں وقت گزار سکے رات کو چھت پر سوتے ہیں تاکہ اِس کی گرمی کا توڑ ہو سکے اِس لیے میں زیادہ سے زیادہ وقت آپ کے ٹھنڈے کمرے میں گزارنا چاہتا ہوں اُس کی بے بسی دیکھ کر میری آنکھیں بھر آئیں میں بولا آپ دونوں یہاں آرام سے سو جائیں جب سورج ڈھلے گا تو چلے جانا مہنگائی کے طوفان نے لوگوں کو دربدر بھٹکنے پر مجبور کر دیا ہے ہوشربا مہنگائی اور بجلی کے بل لوگ فقیر بن کر سڑکوں پر ذلیل ہو رہیں پتہ نہیں کب گورنمنٹ کر ان بے بس غریبوں پر رحم آئے گا اور بجلی سستی کریں گے۔

CORRIGENDUM

EXTENSION IN BID SUBMISSION

FOR DESIGN, FINANCE, CONSTRUCT, OPERATE & MAINTENANCE OF REGALIA (RESIDENTIAL PLOT 3) (7.11 KANALS APPROX)



This is with reference to the advertisement published on August 07, 2024, in English & Urdu Newspapers vide SPL-834 regarding the Tender Notice for "Design, Finance, Construct, Operate & Maintenance of Regalia (Residential 3) (7.11 Kanals Approx)" by Punjab Central Business District Development Authority (PCBDDA). The date and time for procurement of RFP Documents & submission of bids is extended as per the following schedule:

Sr.#	Item	Original Date & Time	Extended Date & Time
1	RFP Procurement Deadline	August 21, 2024, 1700 Hours	September 04, 2024, 1700 Hours
2	Proposal Submission Deadline	August 22, 2024, 1230 Hours	September 05, 2024, 1100 Hours
3	Proposal Opening Date & Time	August 22, 2024, 1300 Hours	September 05, 2024, 1130 Hours

The Corrigendum and Tender documents are available on websites of Punjab Central Business District Development Authority (PCBDDA) (www.cbdpunjab.gov.pk). All other terms and conditions of the tender notice shall remain the same.

Procurement Directorate
Punjab Central Business District Development Authority (PCBDDA)
CBD Complex (Ex Walton Airport) Lt (Navy), Yasir Shaheed Road, Lahore
Contact: 042-99058100 | procurement@cbdpunjab.gov.pk | www.cbdpunjab.gov.pk

SPL-899

شوبز SHOWBIZ

فیصل قریشی نے والدہ کو اپنے گھر سے نکال دیا، یوٹیوبر کا دعویٰ

فیصل قریشی کی والدہ افشاں قریشی کئی پاکستانی فلموں اور ڈراموں میں کام کرچکی ہیں

کراچی (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کے معروف اداکار و میزبان فیصل قریشی سے متعلق یوٹیوبر نے دعویٰ کیا ہے کہ انہوں نے اپنی والدہ و سینیئر اداکارہ افشاں قریشی کی قدر نہیں کی اور انہیں اپنے گھر سے نکال کر دوسرے گھر منتقل کردیا ہے۔ شوبز شخصیات کے انٹرویو کرنے والے یوٹیوبر نے حال ہی میں نامور فلمساز پرویز کلیم کا انٹرویو کرتے ہوئے فیصل قریشی اور اُن کی والدہ افشاں قریشی کے خراب تعلقات کے بارے میں بات کی۔ یوٹیوبر نے پرویز کلیم سے کہا کہ جس فیصل قریشی کو آپ نے اُن کی والدہ افشاں قریشی کے اصرار اور سفارش پر فلموں میں متعارف کروایا تھا، اُسی فیصل قریشی نے اپنی والدہ کی قدر نہیں کی۔ اُنہوں نے کہا کہ افشاں قریشی اپنے بیٹے کو فلموں میں ہیرو کے کردار میں دیکھنا چاہتی تھیں اور اُنہوں نے فیصل قریشی کو کاسٹ کرنے کے لیے آپ (پرویز کلیم) کی منتیں بھی کی تھیں لیکن آج جب وہ بڑے اداکار بن گئے ہیں تو اُنہوں نے اپنی اُسی والدہ کو گھر سے نکال دیا ہے۔ یوٹیوبر نے کہا کہ پورا میڈیا یہ بات جانتا ہے کہ فیصل قریشی نے ایک سال قبل افشاں قریشی کو اپنے گھر سے نکال کر دوسرے گھر منتقل کردیا ہے۔

اپنے فن کے ذریعے لوگوں کے دلوں میں جگہ بنائی، بشریٰ انصاری

پرستار مجھے طنز و مزاح اور مزاحیہ اداکاری میں دیکھنا پسند کرتے ہیں

لاہور (این این آئی) سینئر اداکارہ بشریٰ انصاری نے کہا ہے کہ اپنے فن کے ذریعے لوگوں کے دلوں میں جگہ بنائی اور یہی میرا سب سے بڑا اثاثہ ہے۔ ایک انٹرویو میں گفتگو کرتے ہوئے بشریٰ انصاری نے کہا کہ بعض لوگوں کو میڈیا میں آکر انٹرویو دینے اور شہرت حاصل کرنے کی ضرورت ہوتی ہے مگر خدا کے فضل سے میرے جیسی ناچیز پر خدا کی خصوصی رحمت ہے اور مجھے کبھی خود سے اس کا شوق نہیں رہا۔ انہوں نے کہا کہ مجھے سنجیدہ کردار کرنے کی خواہش رہی مگر میرے پرستار مجھے طنز و مزاح اور مزاحیہ اداکاری میں دیکھنا پسند کرتے ہیں۔ میری اداکاری کے ذریعے جب لوگوں کے مرجھائے ہوئے چہروں پر مسکراہٹ آجاتی ہے۔

فنکار کسی نہ کسی صورت میں اپنا کردار نبھا رہا ہوتا ہے، صائمہ

میری شخصیت کے اعتبار سے پرستار مجھے صرف پنجابی فلموں میں دیکھنا چاہتے تھے

لاہور (این این آئی) سینئر اداکارہ صائمہ نور نے کہا ہے کہ فنکار کبھی ریٹائرڈ نہیں ہوتا وہ کسی نہ کسی صورت میں اپنا کردار نبھا رہا ہوتا ہے۔ ایک انٹرویو میں گفتگو کرتے ہوئے صائمہ نور نے کہا کہ میری کامیابیوں میں میری محنت کے ساتھ میرے شوہر کا سب سے زیادہ کردار تھا۔ میں نے اردو فلموں میں بھی اداکاری کی مگر میری شخصیت کے اعتبار سے پرستار مجھے صرف پنجابی فلموں میں دیکھنا چاہتے تھے اور یہی وجہ ہے کہ میری پنجابی فلموں کی تعداد زیادہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے تمام اچھے ہدایتکاروں کے ساتھ کام کیا ہے۔

شرمندگی سے سر اٹھا کر نہیں چل سکتا، کولکتہ ریپ کیس پر متھن بھی بول پڑے

ممبئی (این این آئی) بھارت کے سینیئر اداکار متھن چکرورتی نے بھی کولکتہ میں بہیمانہ جنسی زیادتی کے بعد قتل ہونے والی خاتون ڈاکٹر کے لیے انصاف کا مطالبہ کردیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق متھن چکرورتی نے بنگالی زبان میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میں کئی جگہوں پر کئی بار کہہ چکا ہوں کہ آنے والے دنوں میں مغربی بنگال کے حالات مزید خراب اور خوفناک ہوجائیں گے۔ متھن چکرورتی نے کولکتہ ریپ کیس پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس ہولناک واقعے کے بعد، میں بنگالی ہونے کی حیثیت سے سر اٹھا کر نہیں چل سکتا۔ سینیئر اداکار نے کہا کہ اس خوفناک واقعے کا شکار ہونے والی خاتون ڈاکٹر کے اہلخانہ کے ساتھ میری دلی تعزیت ہے جبکہ میرا مطالبہ ہے کہ جو لوگ اس واقعے میں ملوث ہیں انہیں جلد از جلد سزا دی جائے۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ بنگال میں ریپ کے بڑھتے کیسز ریاست کے لاء اینڈ آرڈر پر سوالیہ نشان ہیں۔



سپورٹس SPORTS

پاکستان اور بنگلہ دیش کا پہلا ٹیسٹ آج شروع ہوگا

شان مسعود اور جیسن گلیسپی کے ساتھ نئے ٹیسٹ کرکٹ سیزن کی نئی ابتدا

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان مینز کرکٹ ٹیم (آج) بدھ کو بنگلہ دیش کے خلاف راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں پہلے ٹیسٹ میچ کا آغاز کرے گی، دوسرا ٹیسٹ میچ اسی اسٹیڈیم میں 30 اگست سے 3 ستمبر تک کھیلا جائے گا۔ پاکستان اس وقت آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ میں چھٹے نمبر پر ہے۔ اس نے چیمپئن شپ میں دو سیریز کھیلی ہیں سری لنکا کے خلاف اس نے دو صفر سے کامیابی حاصل کی تھی جبکہ آسٹریلیا کے خلاف اسے تین صفر سے شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ پاکستان اس سیزن میں نو ٹیسٹ میچ کھیلے گا 1998-99 کے بعد سے اس کا مصروف ترین ٹیسٹ سیزن ہے۔ ان میں سے سات ٹیسٹ میچ پاکستان میں کھیلے جائیں گے جن میں بنگلہ دیش کے خلاف دو اکتوبر میں انگلینڈ کے خلاف تین اور اگلے سال جنوری میں ویسٹ انڈیز کے خلاف دو شامل ہیں۔ دو ٹیسٹ میچ جنوبی افریقہ کے خلاف ہیں جو دسمبر/جنوری میں جنوبی افریقہ میں کھیلے جائیں گے۔ بنگلہ دیش کے خلاف پہلا ٹیسٹ میچ پاکستان کے ریڈ بال ہیڈ کوچ جیسن گلیسپی کی اس سال اپریل میں اپنی تقرری کے بعد پہلی بین الاقوامی اسائنمنٹ ہے۔ یہ شان مسعود کا بطور کپتان ہوم سرزمین پر پہلا ٹیسٹ میچ بھی ہوگا جس سے ٹیم کے لیے ریڈ بال کرکٹ میں ایک نئے دور کا آغاز ہوگا۔ اے اسپورٹس، پی ٹی وی اسپورٹس اور ٹین اسپورٹس پر براہ راست نشر ہونے والے اس میچ میں ٹاس ساڑھے نو بجے ہوگا اور میچ کا آغاز صبح دس بجے ہوگا۔ پی سی بی کے مطابق شائقین کی سہولت کے لیے ٹکٹیں انتہائی معمولی قیمت پر رکھی گئی ہیں اور PCB.tcs.com.pk پر آن لائن دستیاب ہیں۔ مزید برآں شائقین فزیکل ٹکٹ خرید سکتے ہیں۔

اولمپکس میں آسٹریلیا کی جانب سے میڈلز جیتنے والے سائیکلسٹ نے آسٹریلوی شہریت چھوڑ دی

سڈنی (اے ایف پی) پیرس اولمپکس میں آسٹریلیا کی جانب سے سائیکلنگ میں 3 میڈلز اور 2 مرتبہ کامن ویلتھ گیمز میں گولڈ میڈلز جیتنے والے میٹ رچرڈسن نے اپنے ملک کی شہریت چھوڑ دی، میتھیو رچرڈسن 17 اپریل 1999 کو انگلینڈ میں پیدا ہوئے تھے، وہ 9 سال کی عمر میں فیملی کے ساتھ آسٹریلیا منتقل ہوئے اور پچھلے 16 برس سے آسٹریلیا اور انگلینڈ دونوں ملکوں کی شہریت رکھتے تھے، میتھیو رچرڈسن نے 2019 کی ورلڈ چیمپئن شپ میں پہلی بار آسٹریلیا کی نمائندگی کی اور ٹیم اسپرنٹ ایونٹ میں چھٹے نمبر پر رہے، انہوں نے 2022 کی ورلڈ چیمپئن شپ کے ٹیم اسپرنٹ میں گولڈ میڈل جیتا اور اسی سال برمنگھم میں ہونے والے کامن ویلتھ گیمز میں ٹیم اسپرنٹ اور انفرادی مقابلوں میں بھی گولڈ میڈل اپنے نام کیے۔

پاک بنگلہ دیش ٹیسٹ سیریز: ٹرافی کی رونمائی کردی گئی

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان سیریز کیلئے ٹرافی کی رونمائی کردی گئی۔ راولپنڈی اسٹیڈیم میں پاکستانی ٹیم کے کپتان شان مسعود اور بنگلادیشی کپتان نجم الحسن شانتو نے ٹرافی کی رونمائی کی تقریب میں شرکت کی۔ دونوں کپتانوں نے ٹرافی کے ہمراہ راولپنڈی اسٹیڈیم اور دامن کوہ میں ٹرافی کے ہمراہ تصویر بنوائی۔ پاکستان اور بنگلادیش کے درمیان دو ٹیسٹ میچز پر مشتمل سیریز کا پہلا میچ 21 اگست (آج) بدھ سے شروع ہوگا جبکہ دوسرا ٹیسٹ اسی میدان پر 30 اگست سے 3 ستمبر تک کھیلا جائے گا۔

انگلینڈ اور سری لنکا کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان تین میچوں کی سیریز کا آغاز آج ہوگا

مانچسٹر (اے ایف پی) انگلینڈ اور سری لنکا کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان تین ٹیسٹ میچوں پر مشتمل سیریز کا پہلا ٹیسٹ میچ بدھ کے روز (آج) ایمریٹس اولڈ ٹریفورڈ، مانچسٹر میں شروع ہوگا۔ آئی لینڈرز ٹیم ان دنوں انگلینڈ کے دورہ پر ہیں اور وہ اپنے دورہ انگلینڈ کے دوران میزبان برطانوی کرکٹ ٹیم کے خلاف تین ٹیسٹ میچوں کی سیریز کھیلے گی۔ انگلینڈ کی کرکٹ ٹیم کو بین سٹوکس کی غیر موجودگی میں مایہ ناز بلے باز اولی پوپ لیڈ کریں گے جبکہ آئی لینڈرز مایہ ناز آل راؤنڈر دھنجایا ڈی سلوا کی زیر قیادت میدان میں اتریں گے۔ اس سے قبل انگلینڈ لائنز اور سری لنکا کی ٹیموں کے درمیان کھیلے گئے چار روزہ پریکٹس میچ میں انگلینڈ لائنز نے سری لنکن ٹیم کو 7 وکٹوں سے شکست دی تھی۔ دونوں ٹیموں کے درمیان تین میچوں کی سیریز کا دوسرا ٹیسٹ میچ 29 اگست سے 2 ستمبر تک لندن کے لارڈز کرکٹ گراؤنڈ پر کھیلا جائے گا جبکہ تیسرا اور آخری ٹیسٹ میچ 6 سے 10 ستمبر تک کیننگٹن اوول، لندن میں کھیلا جائے گا۔

ہمارے پاس مضبوط فاسٹ باؤلنگ اٹیک ہے، مخالف ٹیم کو کمزور نہیں سمجھتے، شان مسعود

راولپنڈی (این این آئی) قومی ٹیسٹ ٹیم کے کپتان شان مسعود نے کہا ہے کہ ہمارے پاس مضبوط فاسٹ باؤلنگ لائن اپ ہے، مخالف ٹیم کو کمزور نہیں سمجھتے۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کوشش کریں گے کہ ٹیسٹ سیریز اپنے نام کریں، کوشش ہوگی کہ بنگلادیش کے خلاف جارحانہ کرکٹ کھیلیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنی کارکردگی پر توجہ مرکوز رکھنے کی ضرورت ہے، امام الحق ہمارے سسٹم کا حصہ ہیں، انہیں اس سیریز میں آرام کروایا گیا ہے۔ شان مسعود نے کہا کہ محمد حریرہ پچھلے 3، 4 سال سے ڈومیسٹک میں پرفارم کر رہے ہیں، محمد حریرہ کو اسکواڈ میں شامل کرکے ان کا پوٹینشل دیکھنا ہے، انہیں ٹیم میں بھی شامل کر سکتے ہیں۔ قومی ٹیسٹ کپتان نے کہا کہ صائم ایوب نے آسٹریلیا کے خلاف آخری ٹیسٹ میں اپنی صلاحیتوں کی جھلک دکھائی، ہم انہیں پورا چانس دینا چاہتے ہیں۔

نوٹس بنام عوام الناس

جاری کردہ سرکلراز دفتر میونسپل کارپوریشن سرگودھا بابت منسوخی، جعلی الاٹمنٹ، ٹرانسفر پلاٹس ودکانات ہائے واقع استقلال آباد کالونی سرگودھا

ہرگاہ عوام الناس کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ محکمہ میونسپل کارپوریشن سرگودھا کے علم میں آیا ہے کہ مختلف لوگوں نے جعلی دستاویزات مختلف سکیم بابت الاٹمنٹ پلاٹس تیار کرکے مختص کردہ پلاٹس برائے مفاد عامہ ڈسپنسری، ڈسپوزل ورکس پر اپنے آپ کو مالک ظاہر کرتے ہیں اور اس جائیداد کو ہتھیانے کی خاطر مختلف عدالتوں میں مقدمات دائر کردیئے ہیں۔ دوران بوگس دستاویزات کا سہارا لے کر مقدمات کا فیصلہ اپنی حق میں کروانے کی مذموم کوشش کررہے ہیں۔ ان دستاویزات کا محکمہ ہذا نے بغور جائزہ لیا اور اپنے ریکارڈ کی وسیع پیمانے پر پڑتال کی تو ایسی تمام الاٹمنٹس دستاویزات جو مختص شدہ رقبہ برائے ڈسپنسری، ڈسپوزل ورکس مفاد عامہ جعلی پائی گئی۔ اس بابت ادارہ ہذا کی طرف سے جاری کردہ لیٹر نمبر 8907/G مورخہ 23-02-2010 بابت الاٹمنٹ پلاٹس نمبر 9/1, 10/1, 11/1, 12/1 واقع بلاک N استقلال آباد کالونی سرگودھا کو ڈسپنسری کیلئے مختص شدہ رقبہ پایا گیا اور یہ تمام الاٹمنٹس بوگس، غیرقانونی اور بلا اختیار پائی گئیں۔ مزید برآں State Land مبینہ پلاٹس/دکانات پیمائشی 10x12 نمبران 1 تا 16 بلاک F واقع اندر حدود ڈسپوزل ورکس استقلال آباد کالونی سرگودھا بھی ڈسپوزل کیلئے مختص کی گئی جگہ پر بوگس الاٹمنٹس پائی گئی۔ جن کا ریکارڈ بعداز پڑتال معلوم ہوا کہ رقبہ ڈسپوزل، واٹر ورکس ملکیتی صوبائی حکومت ہے۔ محکمہ ہذا کا کوئی آفیسر بغیر منظوری صوبائی حکومت/بورڈ آف ریونیو پنجاب لاہور کسی دیگر کو مستقل الاٹمنٹس نہ کرسکتا ہے۔ لہذا تمام الاٹمنٹس جو کسی دیگر کو مستقل طور پر الاٹ کردی گئی تھیں وہ غیرقانونی بوگس اور بلا اختیارات پائی گئی ہیں۔ اس لیے پلاٹس ہائے کو منسوخ قرار دے دیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں ایسی تمام الاٹمنٹس/ٹرانسفر جن کا ریکارڈ محکمہ میں بوگس پایا گیا اور رجسٹر الاٹمنٹ پر اندراج ہونے کے باوجود منسوخ تصور کیا جائے گا۔ ان تمام غیرقانونی الاٹمنٹس وٹرانسفر کو بعداز پڑتال ریکارڈ بغور جائزہ بعداز حسب ضابطہ مورخہ 31-07-2024 سے بوگس قرار دے کر منسوخ کردی گئی ہیں۔ ان تمام الاٹمنٹس کی کوئی قانونی حیثیت نہ ہے۔

نوٹ:۔ متاثرہ احباب کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بعداز اشاعت اشتہار اخبار کے اندر 07 یوم دفتر میونسپل آفیسر ریگولیشن میونسپل کارپوریشن سرگودھا بمعہ ریکارڈ رابطہ قائم کریں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

المشتہر:۔ چیف آفیسر، میونسپل کارپوریشن سرگودھا

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 21 اگست 2024ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس/ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 21 اگست 2024، صبح 06:00 بجے تا دن 11:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، کامسٹ، جھٹہ بختاور، پارک انکلیوژ، لہتراڑ، ترامڑی، آئی ایس آئی، رہاڑہ، پی ایچ اے، پی ایچ اے-II، کری روڈ، سی ایم پاک زونگ، آئیسولیشن ہسپتال، آفیسر کالونی، ٹینچ بھاٹہ، 8/2-I، 8/2-H، پیر سوہاوہ، بری امام، خیابان اقبال، ایف سکس ٹو فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، جناح کیمپ، النور کالونی، نورا روڈ، مزمل ٹاؤن، ایف او اوسی ایچ ایس، فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، جاپان روڈ، جناح-II&I، جیل پارک-I، نیو کلیام، اولڈ کلیام، جھٹہ ہتھیال، بسالی، انڈسٹریل، بھل، گنگی، جرار کیمپ، محبوب شہید، پارک ویو، پنڈی بورڈ، جیل پارک، کار چوک، مورگاہ، پارک ویو، فوجی فونڈیشن، موہرہ نگیال، ولایت کمپلکس، ایکس لائر، اے اوڈبلیوایچ ایس، شاہ پور، ڈھوک نور فیڈرز، اٹک سرکل، شکردرہ، قاضیاں، جی بی ایچ پی کالونی، نوازش شہید، کوہسار کالونی، کالا خان فیڈرز، جہلم سرکل، اسلام پورہ، کنگر، قاضیاں، عباس پورہ، اجمل شہید فیڈرز، چکوال سرکل، بشارت، ڈھوڈا فیڈرز I اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بندر ہے گی۔

تعلیم پر توجہ دینی چاہیے ہمیں بابائے قوم محمد علی جناح اور ڈاکٹر علامہ اقبال کے نقش قدم پر چلنے اور ان کی زندگی سے سبق سیکھنی کی ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان کے نوجوانوں میں بہترین ٹیلنٹ ہے اور وہ ملک کا نام روشن کرنے کی صلاحیتوں سے مالا مال ہیں پروگرام سکول کے طلبا و طالبات نے تقاریر کی اور خوبصورت ٹیبلو بھی پیش کیے جنہیں مہمانوں کی طرف سے بھرپور انعامات سے نوازا گیا۔

فائرنگ کرنے والوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 40

عدالت جائزہ لیں گے، اعتراضات دور کرنے کے بعد ریفرنس احتساب عدالت کے ایڈمنسٹریٹو جج کو بھجوایا جائے گا جس کے بعد ایڈمنسٹریٹو جج ریفرنس

بقیہ 1

گا۔ ذرائع کے مطابق کرائم کنٹرول ایکٹ 2024 کے تحت سائبر ٹیررازم، چائلڈ پورنوگرافی، جنسی استحصال ناقابل ضمانت جرم ہونگے، متاثرہ شخص اور گواہ کو پروٹیکشن فراہم کی جائیگی، ایکٹ کے تحت سائبر کرائم ایجنسی بھی بنے گی جبکہ سائبر کرائم پر 3 ماہ سے 14 سال تک قید کی سزا ہوگی۔ ایکٹ کے تحت ٹرائل کیلئے علیحدہ عدالتیں ہونگی، اس سے قبل سائبر کرائم کے حوالے سے وفاق نے پیکا ایکٹ بنایا تھا جو اس وقت نافذ العمل ہے۔ ذرائع کے مطابق محکمہ داخلہ کے ماتحت اس سائبر کرائم ایجنسی اور قانون کا مقصد انفارمیشن سسٹم کے حوالے سے تمام ممنوعہ اقدامات سے بچاؤ ہے اور ایکٹ کے ذریعے صوبائی حکومت انفارمیشن سسٹم سے متعلقہ جرائم کی تحقیقات جب کہ پراسیکیوشن ٹرائل کرسکے گی۔ ذرائع کے مطابق یہ قانون کسی ڈیٹا یا انفارمیشن سسٹم تک غیر قانونی رسائی، بچوں کی جنسی حراسگی کے متعلق مواد، ڈارک ویب، ڈیٹا کو نقصان پہنچانے، الیکٹرانک اور فنانشل فراڈ، جنسی حوالے سے واضع طرز عمل، بچوں کے ساتھ جنسی زیادتی، غیر قانونی انٹرسیپشن، غیر مطلوبہ معلومات تک رسائی، غیر قانونی طور پر ڈیٹا یا اس کی ٹرانسمیشن کی کاپی کرنے والوں پر لاگو ہوگا۔ اس کے علاوہ سائبر ٹیررازم، نفرت انگیز تقاریر، دہشتگردی کیلئے ریکروٹمنٹ، فنڈنگ اور پلاننگ، الیکٹرانک جعل سازی اور فراڈ، غیر قانونی طور پر موبائل سم کا اجرا، چائلڈ پورنوگرافی، بچوں کی تجارت اور ان کا جنسی استحصال، اغوا کیلئے معلومات کا استعمال، بچوں کی غیر قانونی اسمگلنگ، سائبر غنڈہ گردی، سائبر اسٹاکنگ اور جعلسازی کرنے والوں پر بھی پنجاب

5 دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

جام شہادت نوش کرنے والے نائیک عنایت خان، لانس نائیک عمر حیات خان اور سپاہی وقار کو خراج عقیدت

غم اور دکھ کی مشکل گھڑی میں شہداء کے اہلخانہ کے غم میں برابر کا شریک ہوں، سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی باجوڑ میں پاک-افغان باڈر پر فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کی جانب سے سیکیورٹی فورسز پر دراندازی کی مذمت، اسپیکر کا فتنہ الخوارج کے 5 دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین۔ اسپیکر کا فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کا بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والے نائیک عنایت خان، لانس نائیک عمر حیات خان اور سپاہی وقار کو خراج عقیدت۔ اسپیکر کا شہداء کے اہلخانہ سے تعزیت اور یکجہتی کا اظہار۔ غم اور دکھ کی مشکل گھڑی میں (بقیہ نمبر 29)

پاکستان سے محبت ہمارے ایمان کا حصہ ہے

اس ملک کی خاطر ہمارے بزرگوں نے لازوال قربانیاں پیش کیں آج ہم آزاد ملک میں جی رہے ہیں

ہمیں وطن عزیز کی ترقی کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا، صدر راولپنڈی اسلام آباد یونین آف جرنلسٹس طارق ورک

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) صدر راولپنڈی اسلام آباد یونین آف جرنلسٹ طارق ورک نے کہا ہے پاکستان سے محبت ہمارے ایمان کا حصہ ہے اس ملک کی خاطر ہمارے بزرگوں نے لازوال قربانیاں پیش کیں آج ہم آزاد ملک میں جی رہے ہیں، یہ انہیں عظیم قربانیوں کا نتیجہ ہے ہمیں وطن عزیز کی ترقی کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نجی تعلیمی ادارے ایڈن (بقیہ نمبر 47)

راولپنڈی، لیاقت روڈ پر سوزکی ڈرائیوز نے غیر قانونی اڈہ قائم کر رکھا ہے

پوٹھوہار ڈویژن پولیس کی منظم و متحرک گینگز کیخلاف کارکردگی

رواں سال میں 111 منظم و متحرک گینگز کے 283 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) پوٹھوہار ڈویژن پولیس کی منظم و متحرک گینگز کے خلاف کارکردگی، رواں سال میں 111 منظم و متحرک گینگز کے 283 ملزمان کو گرفتار کر کے 298 مسروقہ موٹرسائیکل، 9 0 کاریں اور 2 0 دیگر وہیکلز، مسروقہ رقم 1 کروڑ 42 لاکھ 97 ہزار 600 روپے برآمد ہوئی، ملزمان سے 71 پسٹل اور سینکڑوں گولیاں (بقیہ نمبر 41)

چکوال، ناجائز اسلحہ رکھنے والے 3 ملزمان گرفتار

چکوال (این این آئی) ایس ایچ او تھانہ صدر چکوال اور ان کی ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے ناجائز اسلحہ رکھنے والے 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کیپٹن (ر) واحد محمود کی ہدایت پر چکوال پولیس کا ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ایس ایچ او تھانہ صدر چکوال اور ان کی ٹیم نے (بقیہ نمبر 31)

ضلعی انتظامیہ عوامی مسائل کے فوری حل کیلئے پرعزم ہے، ڈپٹی کمشنر چکوال

اوپن ڈور پالیسی پر عملدرآمد، عوام کو تیز رفتار ریلیف کی فراہمی برقرار

چکوال (این این آئی) ڈپٹی کمشنر قراۃ العین ملک نے کہا ہے کہ حکومت پنجاب کے احکامات پر ضلعی انتظامیہ عوامی مسائل کے فوری حل کے لئے پر عزم ہے اور اوپن ڈور پالیسی پر عملدرآمد کرتے ہوئے عوام کو تیز رفتار ریلیف کی فراہمی برقرار رکھے ہوئے ہے اور مسائل کا حل میرٹ پر یقینی بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے یہ بات اپنے دفتر میں آئے ہوئے مرد (بقیہ نمبر 30)

ڈپٹی کمشنر قصور محکمہ زراعت کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

شراب سپلائر گرفتار سے 20 بوتل شراب برآمد

راولپنڈی (این این آئی) واہ کینٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے شراب سپلائر کو گرفتار کر کے 20 بوتل شراب برآمد کر لیں۔ واہ کینٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے شراب سپلائر ملزم داؤد کو گرفتار کر لیا، ملزم سے 20 بوتل شراب برآمد کر کے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر لیا، ایس پی پوٹھوہار ناصر نواز کا کہنا تھا کہ گرفتار ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، شراب سپلائرز کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

راشد منہاس شہید نے نوجوانوں کیلئے فرض شناسی کی مثال قائم کی

پوری قوم پاک فضائیہ کے بہادر سپوت کو سلام پیش کرتی ہے، وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ نشان حیدر یافتہ پائلٹ آفیسر راشد منہاس نے نوجوانوں کے لیے جرات، بہادری و فرض شناسی کی مثال قائم کی ہے۔ منگل کو جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پائلٹ آفیسر راشد منہاس نشان حیدر کے 53ویں یوم شہادت پر انہیں خراج عقیدت پیش (بقیہ نمبر 48)

نوجوان نسل کو وطن پاکستان کی تاریخ کا بغور مطالعہ کرنا انتہائی ضروری ہے

پنجاب آرٹس کونسل میں نظریہ پاکستان ٹرسٹ کے اشتراک سے تصویری نمائش

راولپنڈی (این این آئی) نوجوان نسل کو وطن پاکستان کی تاریخ کا بغور مطالعہ کرنا انتہائی ضروری ہے تاکہ ان کو معلوم ہو سکے کہ یہ ملک کیسے اور کس طرح حاصل ہوا اور اس کے حصول کے لیے کن کن لوگوں نے اپنا کلیدی کردار ادا کیا۔ ان خیالات کا اظہار مہمان خصوصی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر راولپنڈی ڈاکٹر زنیرہ نے پنجاب آرٹس کونسل اور نظریہ پاکستان ٹرسٹ لاہور کے زیر اہتمام ڈویژنل پبلک سکول اینڈ کالج میں تقریبات جشن آزادی (بقیہ نمبر 42)

راہزنی کی وارداتوں میں مطلوب منظم گروہوں کے پانچ ارکان گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس تھانہ شہزاد ٹاؤن اور تھانہ سنگجانی پولیس ٹیموں نے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں مطلوب منظم گروہوں کے پانچ ارکان کو گرفتار کر کے قبضے سے لاکھوں روپے مالیت کے چھینے گئے موٹرسائیکل، نقدی اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی (بقیہ نمبر 32)

سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر حلقہ میں وفات پانے والوں کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت کر رہے ہیں

6 منشیات فروش گرفتار، 7 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 6 ملزمان کو گرفتار کر کے 7 کلو سے زائد چرس برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق آر اے بازار پولیس نے ملزم عدنان مقصود سے 1 کلو 800 گرام چرس، صدر واہ پولیس نے ملزم اسامہ رشید سے 1 کلو 600 گرام (بقیہ نمبر 50)

پرویز الٰہی ودیگر کیخلاف منی لانڈرنگ کیس کارروائی ملتوی

طبیعت ناساز، عدالت کے احترام میں پیش ہوا ہوں، سابق وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (این این آئی) سپیشل سینٹرل کورٹ لاہور نے سابق وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی و دیگر کیخلاف منی لانڈرنگ کیس کی کارروائی 19 ستمبر تک ملتوی کر دی۔ لاہور کی سپیشل سینٹر کورٹ میں پرویز الٰہی و دیگر کیخلاف منی لانڈرنگ کیس کی سماعت ہوئی، سابق (بقیہ نمبر 49)

آئی جی پنجاب پولیس ملازمین اور ان کے اہل خانہ سے ملاقات میں درخواستوں پر احکامات جاری کر رہے ہیں

پولیس مقابلوں کا کیس، ایف آئی اے کو اہلکاروں کیخلاف تحقیقات کا حکم

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے مبینہ پولیس مقابلوں سے متعلق کیس کا فیصلہ سناتے ہوئے ایف آئی اے کو حکم دیا ہے کہ سرکاری اہلکاروں کے خلاف شکایت پر لازمی تحقیقات کرے۔ جسٹس طارق سلیم شیخ نے 19 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کیا ہے۔ عدالت نے حکم دیا ہے کہ دوران حراست تشدد اور مبینہ مقابلوں کے خلاف (بقیہ نمبر 35)

سٹریٹ کرائم میں ملوث سخی گینگ کا سرغنہ 3 ملزمان سمیت گرفتار

سٹریٹ کرائم میں ملوث گینگز کے گرد گھیرا مزید تنگ کیا جا رہا ہے

راولپنڈی (این این آئی) دھمیال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم میں ملوث سخی گینگ کے سرغنہ کو 3 ملزمان سمیت گرفتار کر کے چھینا گیا موٹرسائیکل، مسروقہ رقم 30 ہزار روپے اور اسلحہ برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق دھمیال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم میں ملوث سخی گینگ کے سرغنہ سمیت (بقیہ نمبر 33)

گوجرخان پولیس کی کارروائی، 2 اسلحہ سمگلرز گرفتار

قبضے سے 2 رائفل 44 بور، کلاشنکوف، پسٹل اور میگزینیں برآمد

راولپنڈی (این این آئی) گوجرخان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 2 اسلحہ سمگلرز کو گرفتار کر کے 2 رائفل 44 بور، کلاشنکوف، پسٹل اور میگزینیں برآمد کر لیں۔ تفصیلات کے مطابق گوجرخان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 02 اسلحہ سمگلرز کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان کی شناخت اظہر اور شمریز کے ناموں سے ہوئی، ملزمان سے 02 (بقیہ نمبر 34)

بشریٰ بی بی 9 مئی کے واقعات سے متعلق 12 مقدمات سے ڈسچارج

راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ملک اعجاز اصف نے اڈیالہ جیل میں بشریٰ بی بی کے خلاف 9 مئی مقدمات کی سماعت کی

پولیس کا موقف تھا کہ بشریٰ بی بی سے جی ایچ کیو حملہ سمیت 12 مقدمات کی تفتیش کی جائے گی

چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان پی ایم ایس سندھ کے افسران کو مقبرہ انارکلی کی بحالی کے کام بارے آگاہ کر رہے ہیں

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) انسداد دہشت گردی کی عدالت نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی اور سابق وزیراعظم عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کو 9 مئی 2023 کے واقعات سے متعلق 12 مقدمات سے ڈسچارج کر دیا۔ راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ملک اعجاز اصف نے اڈیالہ جیل میں بشریٰ بی بی کے خلاف 9 مئی مقدمات کی سماعت کی جہاں پولیس نے ان کے جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی تھی۔ راولپنڈی پولیس کی جانب سے 9 مئی مقدمات میں بشریٰ بی بی کے جسمانی ریمانڈ کی (بقیہ نمبر 51)

ملک کی بہتری کیلئے اختلافات بھلانے ہونگے، ممبر صوبائی اسمبلی

اداروں میں موجود کالی بھیڑوں کی نشاندھی سے ہی اصل کامیابی ہے

مسلم لیگ ن ملک کو درست سمت میں لانے کی کوشش کر رہی، چوہدری عمران الیاس

صحافی معاشرے کی آنکھ ہیں مسائل کی نشاندہی کریں حل کرینگے

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) گزشتہ روز پوٹھوہار ینگ جرنلسٹ ایسوسی ایشن کے وفد کی ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری عمران الیاس سے ملاقات کی، ملاقات میں پوٹھوہار ینگ جرنلسٹ ایسوسی ایشن کے چیئرمین، صدر، جنرل سیکرٹری، انفارمیشن سیکرٹری، فنانس سیکرٹری و دیگر شامل تھے۔ ملاقات میں علاقے کے مسائل اور فلاح بہبود کے ساتھ ساتھ راولپنڈی میں ٹریفک کے مسائل، ناجائز تجاوزات اور پتنگ بازی پر تفصیلی گفتگو کرتے ہوئے عمران الیاس کا کہنا تھا آپ نشاندھی کریں میں حل کرنے کی یقین دہانی کرواتا ہوں، اداروں (بقیہ نمبر 43)

وزیر صنعت وتجارت پنجاب چوہدری شافع حسین کا تاجکستان کے سفیر شریف زادہ یوسف طائر سے ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

آئی جی اسلام آباد کی زیر صدارت کرائم کنٹرول بارے میٹنگ

عوام کی جان و مال کا تحفظ اسلام آباد کی پولیس کی اولین ترجیح ہے

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت کرائم کنٹرول کے حوالے سے اہم میٹنگ کا انعقاد کیا گیا، آئی جی اسلام آباد نے سینئر پولیس افسران کو ڈکیتی، قتل، رابری، سٹریٹ کرائم سمیت دیگر مقدمات میں ملزمان کی گرفتاریوں اور سنگین جرائم، سٹریٹ کرائم اور کرائم ہاٹ سپاٹس پر خصوصی توجہ دینے کے احکامات دیئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت سنٹرل (بقیہ نمبر 44)

تین بچوں کی ماں کی گھر سے گردن کٹی ہوئی لاش برآمد

نادیہ بی بی کی گردن چھری سے کٹی ہوئی تھی، لاش پوسٹمارٹم کیلئے مردہ خانے منتقل

شرقپور شریف (این این آئی) شرقپور شریف کے محلہ حافظہ میں تین بچوں کی ماں کی گردن کٹی ہوئی لاش ملی ہے، پولیس نے جائے وقوعہ سے شواہد کر کے لاش مردہ خانے منتقل کر دی۔ بتایا گیا ہے کہ محلہ حافظہ بینک والی گلی کے رہائشی نوید شہزاد کی اہلیہ نادیہ بی بی جو تین (بقیہ نمبر 52)

چیک ڈس آنر مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) نیو ٹاؤن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق نیو ٹاؤن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم اویس کو گرفتار کر لیا، اشتہاری مجرم سال 2022 سے تھانہ نیو ٹاؤن پولیس کو مطلوب تھا، ایس پی راول فیصل سلیم کا کہنا تھا کہ اشتہاری مجرمان اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

ملک میں توانائی بحران پر قابو پانے کے لیے اہم پیشرفت

رحیم یار خان میں تیل و گیس کے ذخائر کی نشاندہی کر دی گئی

لاہور (این این آئی) ماڑی پیٹرولیم کمپنی لمیٹڈ اور آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ کی جانب سے ملک کو توانائی کے بحران سے نکالنے کے لیے تیزی سے اقدامات جاری ہیں۔ خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کے تعاون سے آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ نے 29 جون کو رحیم یار خان میں گیس کے ذخائر کی نشاندہی کی تھی اسی طرح ماڑی پیٹرولیم کمپنی لمیٹڈ تیل و گیس کی تلاش و پیداواری کمپنی ہے جس کی تلاش کی کامیابی کا تناسب 70 فیصد ہے۔ (بقیہ نمبر 53)

وزیر خوراک پنجاب بلال یاسین فوڈ سکیورٹی پالیسی کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

گورنمنٹ پنجاب کا صحت سہولت پروگرام ڈاکٹرز کیلئے نعمت اور نوازشات سے کم نہیں

10 سے کم کر کے 4 لاکھ سالانہ فی خاندان کرنے کے باوجود مریض ملٹی نیشنل کمپنی کی ادویات سے محروم بیشتر کی دوائی نہ ملنے کی شکایت

مقامی انتظامیہ یا سٹیٹ لائف کے لیے سوالیہ نشان 28 سو سے 3 ہزار مریض کے اکاؤنٹ سے کاٹ کر سرکاری ادویات پر ٹرخایا جانے لگا

گوجر خان (قمر شہزاد) حکومت پنجاب کا صحت سہولت پروگرام مریضوں کے لیے وبال جان بن گیا جبکہ یہ پروگرام ڈاکٹرز کے لیے کسی نعمت اور نوازشات سے کم نہیں مریض کو تمام سہولیات ملیں نہ ملیں مگر اس کے اکاؤنٹ سے 28 سو سے 3 ہزار روپے کٹ کر ڈاکٹروں اور دیگر کی جیب بھری جاتی ہیں مناسب چیک اینڈ بیلنس نہ ہونے کی وجہ سے مریضوں کو سرکاری ہسپتال کی دوائیوں پر ٹرخایا جاتا (بقیہ نمبر 36)

ایئرپورٹ پولیس نے والد پر تشدد کرنیوالا ناخلف بیٹا گرفتار کرلیا

راولپنڈی (این این آئی) ایئرپورٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے والد پر تشدد کرنے والا ناخلف بیٹا گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ایئرپورٹ پولیس کو متاثرہ شہری نے درخواست دی کہ میرے بیٹے احتشام اور فرحان نے مجھ پر تشدد کیا، گالیاں دیں اور جان سے مارنے کی دھمکیاں دیں، ایئرپورٹ پولیس نے شہری کی درخواست پر والدین تحفظ آرڈیننس کے تحت مقدمہ درج کر کے ملزم احتشام کو گرفتار کر لیا، دوسرے ملزم فرحان کو بھی جلد گرفتار کیا

مال روڈ پر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر شہریوں کے چالان کر رہے ہیں

پاک-بنگلہ دیش کرکٹ سیریز پریکٹس سیشن، آر پی او کا سٹیڈیم کا دورہ

آر پی او اور راولپنڈی نے پوائنٹ وائز ڈیوٹیز چیک کیں اور افسران و اہلکاروں سے بات چیت کی

راولپنڈی (این این آئی) پاک-بنگلہ دیش کرکٹ سیریز پریکٹس سیشن، آر پی او راولپنڈی ریجن بابر سرفراز الپا نے راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم کا دورہ کر کے سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لیا اور افسران کو ہدایات دیں، آر پی او راولپنڈی نے پوائنٹ وائز ڈیوٹیز چیک کیں اور افسران و اہلکاروں سے بات چیت کی، سینئر پولیس افسران نے آر پی او بابر سرفراز الپا کو سیکورٹی انتظامات پر بریفنگ دی۔ تفصیلات کے مطابق پاک-بنگلہ دیش کرکٹ سیریز (بقیہ نمبر 45)

چکوال، مکان کی چھت گرنے سے ماں بیٹا جاں بحق

چکوال (این این آئی) چوآ سیدن شاہ کے علاقہ ڈھوک جنڈ میں مکان کی چھت گر گئی جس کے نتیجہ میں ماں اور بیٹا جاں بحق ہو گئے ہیں جبکہ ایک بچی شدید زخمی ہے، جاں بحق ہونیوالی خاتون نمبردار صفدر کی بہو بتائی جاتی ہے، حالیہ بارشوں کی وجہ سے چھت کمزور ہونے سے گری ہوئی جس کے نیچے دب کا ماں بیٹے کی ہلاکت ہوئی ہے بچی زخمی حالت میں ڈی ایچ کیو ہسپتال چکوال پہنچا دی گئی۔

پاک-بنگلہ دیش کرکٹ میچز، موثر سیکورٹی انتظامات

4000 سے زائد افسران و اہلکار سیکورٹی ڈیوٹی سرانجام دیں گے

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان-بنگلہ دیش کرکٹ میچز، راولپنڈی پولیس کے موثر سیکورٹی انتظامات، راولپنڈی پولیس کے 4000 سے زائد افسران و اہلکار سیکورٹی ڈیوٹی سرانجام دیں گے، شہریوں کی سہولت کے مدنظر موثر ٹریفک انتظامات کے لیے 350 سے زائد ٹریفک پولیس کے افسران بھی تعینات کیے گئے ہیں، روٹ اور سٹیڈیم کے اطراف چھتوں پر ماہر نشانہ باز تعینات کیے جائیں گے، کرکٹ سٹیڈیم اور گردونواح میں (بقیہ نمبر 37)

ویلنشیا لیڈیز کلب کے زیر اہتمام جشن آزادی کی مناسبت سے تقریب میں خواتین کیک کاٹ رہی ہیں

ناجائز اسلحہ رکھنے پر 4 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 4 ملزمان کو گرفتار کر کے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ایئرپورٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 2 ملزمان رضوان اور شکیل کو گرفتار کر لیا، ملزمان سے 2 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد ہوئے، مندرہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم اویس کو گرفتار کر لیا، ملزم سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد ہوا، نصیر آباد پولیس نے کارروائی کرتے (بقیہ نمبر 39)

کوریا سے مل کر پہلا آئی ٹی پارک بنا رہے ہیں، شزا فاطمہ

معیشت یا کوئی اور شعبہ سب آئی ٹی پر منتقل ہوں گے، وزیر مملکت کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے آئی ٹی شزا فاطمہ نے کہا ہے کہ کوریا کے ساتھ مل کر پہلا آئی ٹی پارک بنا رہے ہیں، ملک میں ای روزگار سینٹر کھولیں گے، معیشت یا کوئی اور شعبہ سب آئی ٹی پر منتقل ہوں گے۔ شزا فاطمہ نے اسلام آباد میں منعقدہ یوتھ کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے ملک کے پہلے آئی ٹی پارک کے حوالے سے اعلان کرتے ہوئے کہا کہ کوریا کے ساتھ مل کر پہلا آئی ٹی پارک بنا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا (بقیہ نمبر 38)

نیب نے عمران، بشریٰ بی بی کیخلاف نیا توشہ خانہ ریفرنس دائر کر دیا

ریفرنس تفتیشی افسر محسن ہارون، کیس افسر وقار الحسن نے دائر کیا جو دو جلدوں پر مشتمل ہے

اسلام آباد (این این آئی) قومی احتساب بیورو (نیب) نے بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کے خلاف نیا توشہ خانہ ریفرنس دائر کر دیا۔ نیب کی جانب سے احتساب عدالت میں ریفرنس تفتیشی افسر محسن ہارون اور کیس افسر وقار الحسن نے دائر کیا جو دو جلدوں پر مشتمل ہے۔ ذرائع کے مطابق نیب کی جانب سے دائر نیا توشہ خانہ ریفرنس کا رجسٹرار احتساب (بقیہ نمبر 40)

مذہبی اقلیتوں کی مناسبت سے پارلیمانی کمیٹی کے قیام کا اعلان

وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ اور دیگر 11 اراکین شامل، اسپیکر پنجاب اسمبلی نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا

پارلیمانی کمیٹی محکمہ انسانی حقوق و اقلیتی امور کے ساتھ ملکر کام کرے گی۔ پارلیمانی کمیٹی کے ٹی او آرز خود اراکین طے کریں گے

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی میں مذہبی اقلیتوں کی مناسبت سے پارلیمانی کمیٹی کے قیام کا اعلان کر دیا گیا۔ اسپیکر پنجاب اسمبلی نے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا جس کے مطابق کمیٹی میں صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ اور دیگر 11 اراکین میں ایم پی اے راحیلہ خادم حسین، فالبوس کرسٹوفر، قدسیہ بتول، شازیہ عابد، آصفہ ریاض، عظمیٰ کاردار، سونیا آشیر، امجد علی جاوید، ایمانوئل اطہر، اعجاز مسیح اور شکیلہ جاوید شامل ہیں۔ پارلیمانی کمیٹی مذہبی اقلیتوں کے حقوق اور ان کی فلاح (بقیہ نمبر 54)

صدر مملکت کا راشد منہاس کو یوم شہادت پر خراج عقیدت

پوری قوم اپنے شہدا کی احسان مند، قربانیوں کو یاد رکھے گی، آصف علی زرداری کا پیغام

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے نشان حیدر پانے والے قوم کے محسن راشد منہاس شہید کو یوم شہادت پر خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ صدر آصف زرداری نے پائلٹ آفیسر راشد منہاس شہید کے یوم شہادت پر اپنے پیغام میں کہا کہ راشد منہاس شہید نے ملکی سلامتی کیلئے جان کا نذرانہ پیش کیا۔ صدر مملکت نے کہا کہ قوم راشد منہاس شہید کے جذبہ شہادت، حب الوطنی اور قربانی کو سلام پیش کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ راشد منہاس شہید جیسے بہادر جوانوں پر قوم کو فخر ہے، پوری قوم اپنے شہدا کی احسان مند ہے، قربانیوں کو یاد رکھے گی۔ صدر مملکت نے راشد منہاس شہید کیلئے بلندی درجات کی دعا بھی کی۔

شہریوں کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے، نبیل کھوکھر

ایس پی صدر کی کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل سن کر حل کیلئے احکامات جاری

راولپنڈی (این این آئی) ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر نے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس پی نے شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر نے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس پی صدر نے شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر نے کہا کہ مارک کردہ درخواستوں پر قانونی کارروائی کر کے رپورٹ پیش کی جائے، تھانہ (بقیہ نمبر 46)

سرگنگا رام ہسپتال میں سوئپر کی 5 سالہ بچی سے مبینہ زیادتی

فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی کی طالبات کا واقعے کے خلاف احتجاج

لاہور (این این آئی) لاہور کے سرگنگا رام ہسپتال میں زیر علاج 5 سال کی بچی کو سوئپر نے مبینہ زیادتی کا نشانہ بنا ڈالا۔ متاثرہ بچی کی والدہ نے ایم ایس سرگنگا رام ہسپتال کو درخواست دی اور کہا کہ بیٹی سے صفائی والے نے نو ایمرجنسی کی تیسری منزل پر زیادتی کی کوشش کی۔ درخواست گزار نے کہا کہ میرے شور مچانے پر لوگ اکٹھے ہو گئے اور صفائی والے کو مارا، میں کوئی کارروائی نہیں کرنا چاہتی۔ دوسری جانب فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی کی طالبات نے مبینہ واقعے کے خلاف احتجاج کیا۔

ایڈیٹر انچیف۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035